Paper Code Number: 2021

رول نمبر ________

MTN-11-G1-19

2019 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - 1 ( کلاس گیارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 20

## معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) سُنت کے لغوی معنی ہیں۔
(A) حدیث (B) روایت (C) راستہ (D) منزل

(2) ناتہذیبی اور بدچلنی شمار ہوتی ہے۔
(A) نیک نامی (B) معاشرتی بدی (C) شہرت (D) وقار

(3) نوجوان نے ____ رنگ کا اوورکوٹ پہنا ہوا تھا۔
(A) سبز (B) نیلا (C) بادامی (D) سُرخ

(4) علامہ محمد اقبالؒ کی بیماری کا سُن کر حکیم صاحب خود بخود آئے۔
(A) کراچی سے (B) بجنور سے (C) لکھنؤ سے (D) گورداس پور سے

(5) دورانِ سفر ابنِ انشا کو زمین نظر آئی۔
(A) گول (B) چپٹی (C) مربع (D) مثلث

(6) تشبیہ دینے کے لیے استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں۔
(A) غرضِ تشبیہ (B) حروفِ شرط (C) حروفِ تشبیہ (D) حروفِ تردید

(7) استعارہ میں مشترک صفت کہلاتی ہے۔
(A) مستعار منہ (B) مستعار لہ (C) وجہ جامع (D) طرفینِ استعارہ

(8) تلمیح کی نشاندہی کیجیے۔
(A) شیر (B) آتشِ نمرود (C) صف شکن (D) کی طرح

(9) مستعار لہ اور مستعار منہ کہلاتے ہیں۔
(A) وجہ جامع (B) طرفینِ تشبیہ (C) طرفینِ استعارہ (D) وجہ تشبیہ

(10) درج ذیل میں تشبیہ ہے۔
(A) رستم و سہراب (B) میرا شیر آیا (C) پھول کی مانند (D) کوئی بھی نہیں

(11) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرع ہم قافیہ نہ ہوں، کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) غزل کا پہلا شعر (C) مقطع (D) حسنِ مطلع

(12) قافیہ کا لفظی معنی ہے۔
(A) آگے چلنے والا (B) راستہ دکھانے والا (C) پیچھے پیچھے آنے والا (D) سمجھانے والا

(13) جس غزل میں ردیف کا استعمال ہو، کہلاتا ہے۔
(A) مردّف (B) غیر مردّف (C) مثلث (D) مسدس

(14) مقطع کا لغوی معنی ہے۔
(A) ابتدا (B) خاتمہ (C) کاٹنے کی جگہ (D) آخری شعر

(15) مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) عربی (C) اردو (D) انگریزی

(16) اُس نے مجھ کو دعا ____
(A) دیا (B) دی (C) دیے (D) دے

(17) یہ لڑکی ____ گاتی ہے۔
(A) اچھا (B) اچھی (C) اچھے (D) اچھیں

(18) میں نے " نوائے وقت " ____
(A) خریدا (B) خریدی (C) خریدے (D) خریدیں

(19) میرے پیٹ میں درد ہو ____ ہے۔
(A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہیں

(20) کل رات میں نے ایک خواب ____
(A) دیکھا (B) دیکھی (C) دیکھے (D) دیکھیں



ParhloPakistan.com

Group-I

2019 (A)

رول نمبر MTN-11-7

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

گروپ - پہلا

وقت = 2.40 گھنٹے

کل نمبر = 80

## اِنشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی
خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہو جائے گا
بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں
حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + ( 3 x 3)

پھرے راہ سے وہ، یہاں آتے آتے
اجل مر رہی تُو، کہاں آتے آتے
نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی
بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو
وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

### حصہ دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) قومی ترقی مجموعہ ہے، شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری، شخصی ہمدردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خود غرضی کا اور شخصی برائیوں کا۔ ناتہذیبی و بدچلنی جو اخلاقی و تمدنی یا باہمی معاشرت کی بدیوں میں شمار ہوتی ہے، درحقیقت وہ خود اسی شخص کی آوارہ زندگی کا نتیجہ ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے ان برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ ڈالیں اور نیست و نابود کر دیں، تو یہ برائیاں کسی اور نئی صورت میں اس سے بھی زیادہ زور و شور سے پیدا ہو جاویں گی۔ جب تک شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کی حالتوں کو ترقی نہ کی جاوے۔

(ب) نظام سقے کے مسودات سے اس قدر ضرور ثابت ہوا ہے کہ پانی پہنچانے کے لیے نل ضروری ہیں۔ چنانچہ کمیٹی نے کروڑوں روپے خرچ کر کے جا بجا نل لگوا دیے ہیں۔ فی الحال ان میں ہائیڈروجن اور آکسیجن بھری ہے۔ لیکن ماہرین کی رائے ہے کہ ایک نہ ایک دن یہ گیسیں ضرور مل کر پانی بن جائیں گی۔ چنانچہ بعض نلوں میں اب بھی چند قطرے روزانہ ٹپکتے ہیں۔ اہل شہر کو ہدایت کی گئی ہے کہ اپنے گھڑے نلوں کے نیچے رکھ چھوڑیں تاکہ عین وقت پر تاخیر کی وجہ سے کسی کی دل شکنی نہ ہو۔ شہر کے لوگ اس پر بہت خوشیاں منا رہے ہیں۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) کیا واقعی دنیا گول ہے؟

5۔ مولانا ظفر علی خان کی نظم "مستقبل کی جھلک" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ گاہک اور دکاندار کے درمیان اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں "یومِ پاکستان" کے موقع پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد رقم کیجیے۔

7۔ ڈپٹی کمشنر کے نام اپنے علاقے میں پارک کے قیام کی درخواست لکھیں۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

غصے پر قابو پانے اور بدلہ لینے کی طاقت رکھتے ہوئے بھی دوسروں کی غلطیوں سے درگزر کرنا ہی تحمل اور بُردباری کا جوہر ہے۔ بعض اوقات انسان دوسروں کی غلطیوں پر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ حالاں کہ وہ خود بھی ان ہی غلطیوں کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ ایسی حالت میں وہ غور و فکر سے کام لے اور تحمل و بردباری کو کام میں لائے تو اس کے حق میں بہتر ہے۔ دنیا میں آئے دن جو قتل و غارت، فتنہ و فساد رونما ہوتے رہتے ہیں سب کا سبب زیادہ تر یہی اشتعال ہے کہ انسان معمولی بات پر انتقامی کارروائی کر بیٹھتا ہے جس پر بعد میں اسے پریشانی بلکہ پشیمانی بھی ہوتی ہے۔



ParhloPakistan.com